© rasailojaraid.com



ہمیں نہیں بھیجے گئے ہیں، تاکہ اسکے ابتدائیہ سے مرتب کے التزام کا پتہ چلتا۔ زیرِ نظر حصہ چہارم سورۃ انفال سے سورۃ رعد تک کی آیات کی تشریح و تفسیر پر مشتمل ہے۔ آسانی کی خاطر ابتداء میں فہرست عنوانات بھی دی گئی ہے جس سے مطلوبہ مقام کی تلاش میں دقت پیش نہیں آتی۔ کتاب کے مطالعہ سے بات واضح ہوتی ہے کہ مرتب نے انتہائی سلیس اور عام فہم انداز میں قرآنی علوم و معارف شائقین علوم قرآنیہ کے سامنے پیش کئے ہیں۔ ہر سورت کی ابتداء میں اسی سورۃ کی وجہ تسمیہ تعارف اور شان نزول جیسے اہم موضوعات ہیں۔ اسکے بعد ہر رکوع کا خلاصہ ذکر کیا گیا ہے۔ مستند اور معتبر تفاسیر کے حوالہ جات اور دلنشین تشریحات نے اس تفسیر کی افادیت میں مزید اضافہ کیا ہے۔ یقیناً یہ تفسیر علوم قرآنیہ کے متعلق ایک اہم اضافہ ہے اور معنوی حسن کے ساتھ ساتھ ظاہری طور پر بھی کتاب انتہائی دلکش ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مولانا اشرف علی تھانوی اور ان کے خلفائے کرام۔ مرتب: ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمٰن

ضخامت: ۲۱۲ صفحات۔ قیمت: درج نہیں۔ ملنے کا پتہ: مجلس نشریات اسلام ناظم آباد، کراچی

زیرِ تبصرہ کتاب میں محترم قاری صاحب نے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے خلفاء اور اجل مسترشدین کے حالات اور مکمل سوانح یکجا کئے ہیں۔ مولانا تھانویؒ کی شخصیت گوناگوں صفات کی حامل تھی وہ بیک وقت ایک جلیل القدر محدث بھی تھے اور عظیم مفسر بھی بہترین واعظ بھی تھے اور قادر الکلام مقرر متکلم عصر بھی تھے اور فیلسوف وقت بھی، حافظ قرآن بھی تھے اور جید قاری بھی حکیم بھی تھے اور ماہر طبیب بھی، بلند پایہ مصنف بھی تھے اور شاعر و ادیب بھی، جامع شریعت بھی تھے اور صاحب طریقت بھی وہ قطب الاخطاب حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کے محبوب خلفاء میں سے تھے اور ایک دنیا ان سے مستفید ہوئی آپ کے خلفاء مجازین کی تعداد ایک سو اور مجازین صحبت کی تعداد ۶۲ ہے، مگر اس کتاب میں ان سے صرف ۶۰ حضرات کے تذکروں پر اکتفاء کیا گیا ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب قاری صاحب کی ان کاوشوں کا ثمر ہے جو کہ آپ سوانح نگاری اور سوانح نویسی کے حوالے کر رہے ہیں ایک عرصہ سے تسلسل کے ساتھ آپ جانفشانی سے یہ کام سرانجام دے رہے ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی ان کوششوں کو قبولیت دوام بخشے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆



© rasailojaraid.com